شنید میں ہے کہ سٹیٹ بینک کی نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان آج ہوگا اور توقع کی جارہی ہے کہ شرح سود میں مزید کمی کا اعلان کیا جائے گا مرکزی بینک میں مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس آج منعقد ہوگا اور مانیٹری پالیسی کے حوالے سے فیصلہ ہوگا اور ازیں بعد نئی مانیٹری پالیسی یا شرح سود کا اعلان کیا جائے گا اس سے قبل سٹیٹ بینک ہی نے زرمبادلہ کے ذخائر سے متعلق گزشتہ روز جو ہفتہ وار اعداد و شمار جاری کئے تھے اس میں زرمبادلہ کے ذخائر میں مسلسل اضافے کی تصدیق کی گئی تھی زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے کی بدولت معیشت میں استحکام آیا ہے اور کوئی مانے یا نہ مانے عین حقیقت یہی ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ اتحادی حکومت نے ورثے میں ملی ابتر معیشت کی حالت زار کو سدھارنے کے ضمن میں اب تک قلیل عرصے میں نمایاں اور اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں معاشی اشاریے روز افزوں بہتر ہورہے ہیں اور ایسے میں اس بات کی ضرورت بھی بڑھتی چلی جارہی ہے کہ معاشی استحکام اور مثبت معاشی اشاریوں کے ثمرات اور فوائد عام آدمی تک منتقل ہوں ہر چند کہ ابھی ہماری معیشت کلی طور پر بہتر و مستحکم نہیں ہوئی مگر صورت احوال روز افزوں بہتر ہورہی ہے اے ڈی بی کی جاری کردہ ایشیا ڈیولپمنٹ آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق رواں، مین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے نئے قرض پروگرام کی منظوری کے بعد پاکستان میں میکرو اکنامک استحکام آیا۔ پاکستان میں مہنگائی میں توقعات سے زیادہ تیزی سے کمی آئی ہے۔ نومبر میں مہنگائی ساڑھے چھے سال کی کم ترین سطح چار اعشاریہ فیصد پر آگئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ درآمدی پابندیاں ختم ہونے سے صنعتی شعبہ رفتار پکڑے گا۔ پالیسی ریٹ میں کمی سے معاشی سرگرمیوں میں بھی تیزی آنی چاہیے۔ سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ اور زرمبادلہ کے ذخائر تک رسائی آسان ہوگی۔ حکومت اور غیر ملکی ادارے پاکستان کی معیشت کی بہتری میں جو دعوے کررہے ہیں ان کا لازمی نتیجہ یہ نکلنا چاہیے کہ عام آدمی کا معاشی بوجھ کم ہو اور اس کی حالت میں مثبت تبدیلی آئے لیکن حیران کن بات یہ ہے کہ معروضی حالات ان دعووں کی تردید کررہے ہیں جو حکومت اور بیرونی ادارے کی طرف سے کیے جارہے ہیں۔ اگر واقعی معاشی معاملات میں بہتری آئی ہے تو حکومت کو چاہیے کہ فوری طور پر پٹرولیم مصنوعات اور بجلی سمیت تمام اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں قابل ذکر حد تک کمی لائے تاکہ عام آدمی کو بھی اس بات کا یقین ہوسکے کہ معیشت واقعی استحکام اور ترقی کی جانب گامزن ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے معیشت و معاشرت کو درپیش چھوٹے بڑے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے نمایاں کام کیا ہے تاہم ادارہ جاتی اصلاحات، آمدن و اخراجات میں توازن اور توانائی بحران پر قابو پاکر بجلی کے ترسیلی نظام کے نقائص دور کرنے اور ملک میں معاشی و صنعتی سرگرمیوں میں تیزی کے لئے مزید اقدامات بھی اشد ضروری ہوچکے ہیں بجلی کی بات ہو تو وزیراعظم شہباز شریف مستقبل میں کم لاگت بجلی منصوبوں کو ترجیح دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ منصوبوں کے لیے مقامی وسائل کو ترجیح دی جائے۔ پن بجلی کے منصوبے ایسے ذرائع ہیں، جن سے صارف کو ماحول دوست اور سستی بجلی فراہم ہوگی۔ بجلی کی موجودہ استعداد کو بھی شمسی توانائی پر منتقل کیا جائے، دنیا بھر میں ماحول دوست کم لاگت شمسی توانائی سے بجلی پیدا کی جارہی ہے۔ پاکستان اس لحاظ سے خوش قسمت ہے جہاں شمسی توانائی کی وسیع استعداد موجود ہے وزیر اعظم نے ہدایت کی کم لاگت بجلی کے انتخاب و ترسیل کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے نظام پر جلد عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے بجلی اصلاحات کے لیے اقدامات معینہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے جبکہ وفاقی حکومت نے مزید چھ آئی پی پیز کے ساتھ بھی بجلی خریداری معاہدے ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، جس سے تین سو ارب روپے کی بچت ہوگی اس سے قبل حکومت تیرہ آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے ختم کرچکی ہے۔ پاکستان میں کاروباری اور صنعتی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے توانائی کے تمام ذرائع سستے کرنا انتہائی ضروری ہے۔ پاکستان اس وقت خاصی مہنگی بجلی پیدا کررہا ہے۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ آئی پی پیز کے ساتھ بجلی کے حوالے سے معاملات خوش اسلوبی سے آگے بڑھ رہے ہیں اور عنقریب اس کے اچھے اثرات سامنے آئیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ شمسی توانائی کا استعمال بھی بڑھ رہا ہے توانائی کا شعبہ ہی نہیں ہر شعبے میں اس وقت اسی نوع کے جدت آفریں اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے ہم پہلے بھی متعدد بار مشرق کے انہی صفحات میں اس رائے کا اظہار کرچکے ہیں آج بھی ہم یہی سمجھتے ہیں کہ ہماری معیشت ایک دم سے تنزلی کا شکار نہیں ہوئی رفتہ رفتہ ہماری معیشت ابتر ہوئی اور اب یہ ایک دم سے اٹھے گی بھی نہیں اسے اٹھانے میں وقت لگے گا اور یہ بات ماننی چاہئے کہ پی ڈی ایم کی چند مہینوں پر محیط پچھلی حکومت ہو یا اب موجودہ حکومت وزیراعظم شہباز شریف اور ان کی معاشی ٹیم معیشت کی بحالی و استحکام کے لئے کوشاں ہے سیاسی دباؤ کو خاطر میں لائے بغیر حکومت نے مشکل اور کڑے فیصلے کرکے معیشت کی کشتی کو طوفانوں سے نکالا ہے حالانکہ آٹھ فروری کے عام انتخابات کے بعد جب موجودہ حکومت بنی اس وقت ہر طرف مایوسی کی باتیں ہورہی تھیں بعض عناصر تو ایک منظم پروپیگنڈے کی شکل میں ڈیفالٹ ڈیفالٹ کی صدائیں بلند کررہے تھے آئی ایم ایف الگ سے نالاں تھا اور سیاسی استحکام بھی نہیں تھا ایسے میں وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ اتحادی حکومت نے عنان اقتدار سنبھالا تو اس نے مشکل اور نامساعد حالات کے باوجود احسن انداز میں سفر شروع کیا آئی ایم ایف سے مسلسل ملاقاتیں کرکے آئی ایم ایف سے نیا بیل آؤٹ پیکج بھی لیا آئی ایم ایف کو بھی مطمئن رکھا، بجٹ میں ترقیاتی و معاشی اہداف کو بھی شامل حال رکھا اور عام آدمی کی ریلیف و آسانی کے انتہائی بنیادی نکتے سے بھی انحراف نہیں کیا ابھی اس حکومت کو ایک سال بھی نہیں ہوا مگر معاشی اشاریے بہتر ہوئے ہیں مہنگائی کی شرح میں غیر معمولی کمی آئی ہے اور مجموعی طور پر معیشت کی صورت احوال سو فیصد اطمینان بخش نہ سہی مگر یہ بہتر ہوچکی ہے اور بہتری و استحکام کا یہ سفر جاری ہے یہ سفر جاری رہے گا اور اگلے چند مہینوں میں مزید اچھی خبریں آئیں گی ہم حکومت کی کارکردگی کو سراہتے ہیں اور اس امید کا اظہار کرتے ہیں کہ معیشت و معاشرت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے یہ حکومت کامل استقامت کے ساتھ اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی اور کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی۔

اور تاریخ بدل گئی

جلسہ عام

مجیب الرحمان شامی

گزشتہ 53 سال سے دسمبر کے مہینے کی 16 تاریخ ہمارے دل کا زخم بنی ہوئی ہے۔ یہ دن آتا ہے تو آنکھوں کے سامنے وہ منظر بھی آتا ہے جب پلٹن کے میدان میں لیفٹیننٹ جنرل عبداللہ خان نیازی بھارت کے جنرل جگجیت سنگھ اروڑا کے سامنے بیٹھے سرنڈر کی دستاویز پر دستخط کررہے تھے۔ اپنا پستول اُسے پیش کرکے اپنے آپ کو اُس کے حوالے کررہے تھے۔ مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بن رہا تھا۔ بھارتی فوج خود کو فاتح سمجھ رہی تھی۔ عوامی لیگ کے کارکن جشن منا رہے تھے۔ (مغربی) پاکستان میں نیشنل پریس ٹرسٹ کے اخبارات نے یہ خبر اپنے قارئین تک ان الفاظ میں پہنچائی تھی: ''بھارتی فوجیں ایک معاہدے کے تحت ڈھاکہ میں داخل ہو گئیں''..... لوگ دم بخود تھے' کوئی دھاڑیں مار کر رو رہا تھا تو کسی پر سکتے کا عالم طاری تھا۔ کوئی غصے سے پاگل ہورہا تھا تو کوئی سر پکڑ کر بیٹھا ہوا تھا۔ اہل دانش اور اہل سیاست میں ایسے افراد موجود تھے جو وارننگ دے رہے تھے کہ جو کچھ ہورہا تھا' جو کیا جارہا تھا' اس کا انجام برا ہوگا لیکن بڑی تعداد میں اُن کا مذاق اڑانے والے بھی پائے جاتے تھے' وہ تصور نہیں کرسکتے تھے کہ ایسا بھی ہوسکتا ہے۔ نئی دہلی میں بیٹھے ہوئے نیتاؤں کو بھی اندازہ نہیں تھا کہ اتنی تیز رفتاری سے وہ ہوجائے گا' جو اُن کی شدید خواہش تو تھی جس کے اس طرح وقوع پذیر ہونے پر اُن کو بھی یقین نہیں تھا۔ اُس دن مجھ پر ایسی کپکپی طاری ہوئی کہ کئی کمبل اوڑھنے کے باوجود تھمنے میں نہیں آرہی تھی۔ رفقائے کار نے خدا معلوم کتنے جتن کرکے اس پر قابو پایا۔ گزشتہ 53 سال کے دوران بھی میں نے 16 دسمبر کو کسی تقریب مسرت میں شرکت نہیں کی۔ کسی بارات یا ولیمے کی دعوت کو قبول نہیں کیا۔ عزیزم عمر شامی کی شادی کی تاریخ 15 دسمبر قرار پائی کہ اُن کے سسرال کا اس پر اصرار تھا' نکاح تو اُس روز ہوگیا لیکن ولیمہ دوسرے نہیں تیسرے دن ہوا۔ 16 دسمبر کو اس کا انعقاد مجھے گوارا نہیں تھا۔ گزر جانے والے 53 سالوں کے دوران بہت کچھ گزر گیا اور بہت کچھ بدل گیا۔ یحییٰ خان' شیخ مجیب الرحمن' ذوالفقار علی بھٹو اور ان سے بڑھ کر مسز اندرا گاندھی کے کردار اور اعمال پر گفتگو جاری ہے اور جاری رہے گی کہ ان چاروں میں سے کوئی ایک بھی نہ ہوتا تو یہ سانحہ پیش نہیں آسکتا تھا۔

اگر یحییٰ خان جیسا منہ زور ہم پر مسلط نہ ہوتا' مارشل لاء کے نفاذ کی نوبت نہ آتی' پاکستان میں دستوری اور جمہوری عمل برقرار رہتا' ایوب خان کی قومی اسمبلی کو آئین میں وہ ترامیم کرنے کا موقع دے دیا جاتا' حزب اختلاف کی کئی جماعتوں کے ساتھ جن پر اتفاق ہوگیا تھا تو یہ روز سیاہ دیکھنا نصیب نہ ہوتا۔ اگر شیخ مجیب الرحمن ہٹ دھرمی کا مظاہرہ نہ کرتے اور علی الاعلان مغربی پاکستان کے ساتھ مفاہمت کا ارادہ ظاہر کردیتے' اگر یحییٰ خان دستور ساز اسمبلی کے انتخابات نہ کراتے' کرا دیے تھے تو قومی اسمبلی کا اجلاس ملتوی نہ کرتے' اپنی بااختیار صدارت پر اصرار نہ کرتے تو بھی حالات کا رُخ مختلف ہوتا۔ اگر ذوالفقار علی بھٹو اقتدار کی اپنی دھن میں مگن نہ ہوتے اور ڈنگے کی چوٹ پر شیخ مجیب الرحمن کو اقتدار منتقل کرنے کا مطالبہ کردیتے اور واضح کرتے کہ جھگڑا آئین کا ہے' اقتدار کا نہیں تو بھی یہ روز سیاہ ہمارے مقدر میں نہ لکھا جاتا۔ اس سب سے بڑھ کر اگر مسز اندرا گاندھی پاکستان کے اندرونی معاملے میں مداخلت نہ کرتیں' اپنی فوجوں کو حرکت میں نہ لاتیں تو بھی ہم اپنے داخلی تضادات پر قابو پالیتے' کسی نہ کسی طور کشتی کو ڈوبنے سے بچالیتے۔

سقوط ڈھاکہ کے ان چاروں کرداروں میں سے تین کو غیر فطری موت نصیب ہوئی۔ صرف یحییٰ خان بستر پر ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرا۔ مسز اندرا گاندھی اپنے محافظوں کی گولیوں کا نشانہ بن گئیں' شیخ مجیب الرحمن کو ان کی اپنی فوج نے بھون ڈالا۔ ذوالفقار علی بھٹو بھی اپنے ہی نامزد کردہ چیف آف آرمی سٹاف کے دستخطوں سے تختہ دار پر لٹکا دیے گئے۔ 1985ء میں جب ڈھاکہ میں سارک کی بنیاد رکھی گئی تو وہاں جنرل ضیاء الرحمن کی حکومت تھی۔ پاکستان سے جنرل ضیاء الحق شرکت کے لیے وہاں گئے تو اُن کے ساتھ جانے والے اخبار نویسوں میں راقم بھی شامل تھا۔ شیخ مجیب الرحمن کے قتل کے بعد صدارت کا منصب سنبھالنے والے مشتاق خوندکر سے ملنے گیا تو انہوں نے بتایا کہ جب مسز گاندھی کو ہلاک کیا گیا تو ڈھاکہ کے سب سے بڑے اخبار ''بنگلہ دیش آبزرور'' کے صفحہ اول پر شیخ مجیب الرحمن' ذوالفقار علی بھٹو اور اندرا گاندھی کی تصاویر ایک ساتھ چھاپی گئی تھیں' یہ سقوط ڈھاکہ کے تینوں کرداروں کے غیر فطری انجام کی طرف اشارہ تھا' اس روز کا یہ اخبار ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوگیا' لوگ اس کی کاپی ڈھونڈتے پھر رہے تھے جو مل نہیں رہی تھی' گویا ڈھاکہ کے باسی بھی تاریخ کی اس گواہی میں اپنی گواہی ملا رہے تھے۔

53 سال گذرنے کے بعد 16 دسمبر کا سورج اس سال مختلف منظر دکھا رہا ہے۔ تاریخ یکسر بدل چکی ہے۔ بنگلہ دیش میں شیخ مجیب الرحمن کی بیٹی حسینہ واجد کا تختہ عوام نے اُلٹ دیا ہے۔ شیخ صاحب کے مجسمے مسمار کردیے گئے ہیں۔ عوامی لیگ کے منتقمین کا جھنڈا دوبھر ہورہا ہے۔ قائداعظم اور علامہ اقبال کے دن منائے جارہے ہیں۔ تحریک پاکستان سے اپنا ناتہ از سر نو جوڑا جارہا ہے۔ بنگلہ دیش کی تخلیق میں اپنے کردار پر فخر کرنے والے بھارت کو حد میں رہنے کی تلقین کی جارہی ہے۔ پاکستان سے تعلق کو مضبوط بنانے پر زور دیا جارہا ہے۔ طلبہ رہنما اور اہل دانش ڈنکے کی چوٹ کہہ رہے ہیں کہ انہیں بھارت کی غلامی منظور نہیں ہے' اسے بنگلہ دیش کے معاملات میں مداخلت کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ پاکستان کے ساتھ کنفیڈریشن قائم کرنے کی تجویزیں پیش کی جارہی ہیں کہ بنگلہ دیش تین طرف سے بھارت سے گھرا ہوا ہے' تو چوتھی طرف سمندر ہے' گویا بھارت کو بنگلہ دیش کا اکلوتا ہمسایہ قرار دیا جاسکتا ہے۔ جغرافیے کی یہی مجبوری پاکستان سے مضبوط تعلق کا جواز فراہم کرتی ہے۔ مشرقی بنگال کو مغربی پاکستان کے ساتھ ملا کر پاکستان بنانے کے پیچھے بھی یہی دلیل تھی کہ بھارت کے توسیع پسندانہ عزائم کے سامنے بند اسی طرح باندھا جاسکتا تھا۔ اسی لیے حسین شہید سہروردی مرحوم نے آل انڈیا مسلم لیگ کے منتخب ارکان اسمبلی کے دہلی اجلاس میں یہ قرارداد منظور کرائی تھی کہ مسلم اکثریت کے مشرقی اور مغربی منطقوں پر مشتمل ایک ہی ریاست قائم کی جائے۔ (مغربی) پاکستان میں ابھی تک اس حوالے سے کوئی سرگرمی دیکھنے میں نہیں آئی' خاموشی سے حالات کا مطالعہ کیا جارہا ہے۔ وہ دن جلد آئے گا جب یہاں سے بھی آوازیں اُٹھنا شروع ہوں گی' تحریک پاکستان کا نئے انداز سے آغاز ہوگا' 16 دسمبر 1971ء پر جو خط کھینچ چکا ہے وہ گہرا ہوتا جائے گا۔ بنگالی بھائی جن تجربات سے گزر چکے اور ہم نے جو ماہ و سال گزارے ہیں' اُن سے یہ نتیجہ ضرور اخذ کرلینا چاہیے کہ عوام کی طاقت سے ٹکرانے والے پاش پاش ہوجاتے ہیں' بندوق اپنی ہو یا پرائی اُس کی غلامی قبول نہیں کی جاسکتی۔

موسم کوئی بھی ہو' ٹھہرتا نہیں

قرطاس

ناصف اعوان

اقتدار کے ایوانوں میں فریقین کی جو جزباتی و الزاماتی تقاریر ہورہی ہیں اس سے یہ تاثر ابھرتا ہے کہ ملک میں کوئی مسئلہ نہیں کسی کو کسی قسم کی کوئی پریشانی لاحق نہیں۔ سب ہرا ہے سب اچھا ہے جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ مہنگائی بڑھتی جارہی ہے غربت بے روزگاری اور ناانصافی میں اضافہ ہی ہورہا ہے کمی نہیں لہٰذا عوام میں مایوسی شدید سے شدید تر ہوتی جارہی ہے جس کی ان کے ''نمائندوں'' کو کوئی فکر نہیں کوئی ملال نہیں۔ ایسا اس لئے ہے کہ ان کا مقصد اقتدار ہے اور دولت کے ڈھیر لگانا ہے۔ دونوں دھڑوں حزب اختلاف اور حزب اقتدار کو چاہیے کہ وہ سنجیدہ فہمی کا مظاہرہ کریں ملک جس معاشی بھنور میں پھنس چکا ہے اسے باہر نکالنے کی سوچیں یہ طے ہے کہ کوئی بھی ایک فریق یا سلیک ہولڈر دودھ کی نہریں نہیں بہا سکتا لہٰذا ان سب کو مل بیٹھ کر مسائل کا حل تلاش کرنا ہوگا مگر وہ بازی جیتنے کے لئے اپنی ساری توانائیاں صرف کررہے ہیں اب کون جیتتا ہے اور کون ہارتا ہے آنے والے دنوں میں معلوم ہو جائے گا۔ فی الحال دونوں دھڑے باہم دست و گریباں ہیں انہیں سوائے اپنی ذات کے دوسری کوئی بات نہیں سوجھتی۔ ایک کا موقف ہے کہ اس کی سمت درست تھی اسے کیوں اقتدار سے محروم کیا گیا مزید برآں اس پر جو مقدمات قائم کیے گئے ہیں وہ غلط ہیں دوسرے کا کہنا ہے کہ اس نے جو بھی کیا قانون کے عین مطابق کیا۔ اس طرح ان کی سیاسی لڑائی ختم ہونے میں نہیں آرہی اور عوام بے چارے پسے جارہے ہیں انہیں ہر نوع کی پریشانیاں اپنی لپیٹ میں لے رہی ہیں۔ المیہ یہ بھی ہے کہ پورے ملک میں ایک حلقہ ایسا نہیں جو ان کی آپس میں صلح کروا سکے اور معاملات خوش اسلوبی کے ساتھ طے کروا کر لوگوں کو سکھ کا سانس دلوا سکے۔ ہماری رائے میں حزب اختلاف کو چاہیے کہ وہ احتجاج کی سیاست کو ترک کرکے بات چیت کی میز پر آئے اگرچہ اس نے مزاکرات کے لئے حکومت کو دعوت دی ہے مگر اس کا شاہ کے وفاداروں نے مزاق اڑانا شروع کردیا ہے کہ دیکھا پی ٹی آئی اب جھک گئی ہے قدموں پر گر گئی ہے اسے یہ کام بہت پہلے کرلینا چاہیے تھا اب سوچ بہتر بھی کھالئے ہیں اور سوپیاز بھی مگر جب ہم یہ سطور رقم کررہے ہیں تو پی ٹی آئی نے ہاتھ صحیح لینے کا اشارہ بھی دے دیا ہے کہ اس کی تضحیک کی جارہی ہے جبکہ وہ ملک کو بحرانوں سے چھٹکارا دلانے کی خاطر مفاہمتی قدم اٹھا رہی ہے۔ یوں اس کے پاس یہ جواز بھی ہاتھ آگیا ہے کہ وہ تو مزاکرات چاہتی ہے مگر حکومت اس سے بھاگ رہی ہے۔ عمران خان اس صورت حال کے پیش نظر مزاکراتی کمیٹی سے خفا بھی بتائے جاتے ہیں لگتا ہے وہ عوامی طاقت سے اپنے مطالبات منوانے کا راستہ اختیار کرنا چاہتے ہیں انہوں نے سول نافرمانی کا بھی اعلان کررکھا ہے دیکھتے ہیں کیا ہوتا ہے اور کیا نہیں ہوتا؟

بہرحال عقل و فہم کا تقاضا ہے کہ حکومت عوام کی توہین کے بجائے ان کو مشکلات سے نکالے طفل تسلیوں سے کام نہیں چلے گا معیشت کا برا حال ہے آئی ایم ایف سے قرضے لے کر زیادہ دیر تک ملکی نظام نظام نہیں چلایا جاسکتا؟ ہمیں نہیں لگتا پھر یہ بھی ہے کہ دوست ممالک کوئی بہت بڑی رقم دینے کو تیار نہیں ہیں لہٰذا حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں ٹھیک بالکل نہیں!

حقیقت یہ ہے کہ جب تک موجودہ نظام کو تبدیل نہیں کیا جاتا (یہ بات ہم بیسیوں نہیں سینکڑوں بار عرض کرچکے ہیں) ترقی ہوگی نہ ہی انصاف ملے گا باقی سب کہانیاں ہیں مگر اس نظام کو جس نے ہمارے ذہنوں اور جسموں کو اپنے حصار میں لے رکھا ہے اور ہر لمحہ ہمارے اوپر غم کے پہاڑ توڑ رہا ہے جس نے ہمارا سکون برباد کردیا ہے جوانیوں کو پیری کی طرف دھکیل دیا ہے اور وہ قانون و آئین کی پرواہی نہیں کرتا کوا ہل زر و اقتدار کسی صورت بدلنا نہیں چاہتے مگر ایسا بھی نہیں کہ یہ بدلے گا نہیں اسے آخر کار بدلنا ہی ہے کہ یہ صدی تبدیلیوں کی صدی ہے۔ یورپ میں جو عمل صدیوں سے شروع ہو کر یہاں تک پہنچا ہے اسے اور بہتری کی طرف بڑھنا ہے لہٰذا اس کے اثرات ترقی پزیر ممالک پر بھی مرتب ہونے ہیں بلکہ ان کا آغاز ہوچکا ہے نئی ٹیکنالوجی بھی تبدیلی کے جھکڑ چلا رہی ہے۔ سوشل میڈیا نے گویا فکری و علمی دروا کردیئے ہیں لہٰذا کب تک عوام پر تکلیف دہ طرز عمل کے ذریعے حکمرانی کی جاسکتی ہے اور اس وقت لوگوں کے ساتھ جو سلوک روا رکھا جارہا ہے دراصل اس نظام کی اندرونی شکست و ریخت کو ظاہر کرتا ہے مگر جو قوتیں اسے سہارا دے کر قائم و دائم رکھنا چاہتی ہیں انہیں وقتی طور سے تو کامیابی حاصل ہوسکتی ہے مستقلاً نہیں کیونکہ انسانی مزاج تبدیلی چاہتا ہے اس میں بیزاری و اکتاہٹ کا عنصر موجود ہوتا ہے پھر جوں جوں ضروریات بڑھتی ہیں ذرائع پیداوار میں بھی اضافہ ہوتا ہے جو لوگوں کے رہن سہن میں بھی تبدیلی لاتے ہیں تو پھر کیا ہمارے ارباب اختیار کو اس کا علم نہیں یقیناً وہ جانتے ہوں گے مگر شاید انہوں نے آمرانہ حکومتوں کی تاریخ پڑھ رکھی ہے کہ بوسیدہ دیوار کو گرنے سے کیسے روکا جاسکتا ہے۔ ہوسکتا ہے جو قوتیں پی ٹی آئی پر لگائی جارہی ہیں وہ اسی تناظر میں ہوں؟۔ پی ٹی آئی جلسہ کرے یا احتجاج اس پر اعتراض مگر کوئی دوسرا کرے تو خیر ہے۔

مضبوط فوج اور اتحاد: پاکستان کی بقا، دفاع، خودمختاری اور خوشحالی کی کلید

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

متعدد تاریخی اور عصری مثالیں کمزور فوجوں کے گہرے اور دیرپا اثرات کو ظاہر کرتی ہیں۔ علاقائی نقصانات سے لے کر اندرونی عدم استحکام تک یہ ممالک قومی بقا اور ترقی کو یقینی بنانے میں ایک مضبوط اور قابل فوج کے اہم کردار کو اجاگر کرتے ہیں۔ افغانستان کسی ملک کے استحکام پر کمزور فوج کے اثرات کی ایک واضح مثال کے طور پر کھڑا ہے۔ جنوبی ایشیا اور وسطی ایشیا میں اسٹریٹجک مقام رکھنے کے باوجود افغانستان کی ایک مضبوط اور متحد فوج کو برقرار رکھنے میں ناکامی کئی دہائیوں کی ہنگامہ آرائی کا باعث بنی ہے۔ ملک کو غیر ملکی حملوں، خانہ جنگی اور اندرونی کشمکش کا سامنا کرنا پڑا ہے، جس کی بڑی وجہ ایک مربوط فوجی قوت قائم کرنے اور اسے برقرار رکھنے میں ناکامی ہے۔ 1980 کی دہائی میں سوویت یونین نے افغانستان پر حملہ کیا۔ امریکہ کی طرف سے غیر ملکی حمایت کے باوجود افغانستان کی فوج مغلوب ہوگئی جس کے نتیجے میں سوویت یونین کا انخلا ہوا۔ تاہم ایک مستحکم فوجی اور حکومتی نظام بنانے میں ملک کی ناکامی نے طالبان کو کمزور مرکزی اتھارٹی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے 1990 کی دہائی میں اقتدار میں آنے کا موقع فراہم کیا۔ جب کہ 9/11 کے حملوں کے بعد امریکہ اور نیٹو کی مداخلت نے ایک نئی افغان نیشنل آرمی کی تعمیر میں مدد کی تاہم یہ فوج کمزور، کم پروفیشنل اور نسلی خطوط پر منقسم رہی۔ 2021 میں جیسے ہی امریکی فوجیوں کا انخلا ہوا طالبان کی پیش قدمی کے تحت افغان فوج تیزی سے منہدم ہوگئی جس کے نتیجے میں کابل کا زوال اور طالبان کی اقتدار میں واپسی ہوئی۔ افغانستان کی فوجی طاقت کی کمی نے بیرونی قوتوں کو اس کی اندرونی سیاست پر اثر انداز ہونے کا موقع فراہم کیا اور ان عوامل کے خلاف دفاع کرنے کے لیے مضبوط فوج کے بغیر ملک دوبارہ عدم استحکام کا شکار ہوگیا۔ شام ایک کمزور فوج کے خطرات کی ایک اور واضح مثال پیش کرتا ہے اور خاص طور پر طویل خانہ جنگی کے تناظر میں یہ بہت اہم ہے۔ شام کی خانہ جنگی سے پہلے شام کے پاس نسبتاً بڑی فوج تھی لیکن یہ ناکارہ، بدعنوان اور منقسم تھی۔ جب 2011 میں تنازعہ شروع ہوا تو شامی فوج بڑھتی ہوئی شورش کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے میں ناکام رہی، جس کی وجہ سے ملک تیزی سے ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا۔ صدر بشار الاسد کے خلاف پرامن مظاہروں کے طور پر جو کچھ شروع ہوا وہ تیزی سے ایک مکمل پیمانے پر جنگ میں بدل گیا، جس میں متعدد باغی گروہ، غیر ملکی مداخلتیں اور انتہا پسند تنظیمیں شامل تھیں۔ اگرچہ شام کو روس اور ایران جیسے غیر ملکی اتحادیوں کی حمایت حاصل تھی لیکن اس کی فوج کی ابتدائی کمزوری اور بغاوت پر قابو پانے میں ناکامی کے نتیجے میں ملک بکھر گیا۔ بکھری ہوئی فوج نے شدید بدعنوانی اور ناقص حوصلے کے ساتھ حکومت کے لیے کنٹرول برقرار رکھنا مشکل بنا دیا۔ کمزور فوجی ماحول نے داعش جیسے گروہوں کو علاقے پر قبضہ کرنے کی اجازت دی جس سے ملک میں مزید عدم استحکام پیدا ہوا۔ شام کی فوجی طاقت کی کمی نے اسے اندرونی بغاوتوں اور بیرونی اداکاروں دونوں کے لیے کمزور بنا دیا۔ ملک میں افراتفری برقرار ہے اور ایک منقسم فوج امن اور استحکام کی بحالی میں ناکام ہے۔ حال ہی میں اسرائیل نے اس عدم استحکام کا فائدہ اٹھاتے ہوئے دمشق کے قریب شامی دفاعی اہداف پر حملے کیے ہیں۔ ان حملوں میں اس نے درجنوں لڑاکا طیاروں، ہیلی کاپٹروں اور اہم دفاعی بنیادی ڈھانچے کو تباہ کردیا ہے جبکہ اسرائیل نے گولان بفر زون میں بھی اپنا کنٹرول بڑھا دیا ہے۔ اب آتے ہیں وطن عزیز کی طرف تو یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ پاکستانی فوج کی ہی طاقت ہے جو اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ملک آزاد اور محفوظ رہے۔ ایک طاقتور فوج کے بغیر پاکستان اندرونی اور بیرونی خطرات کا شکار ہوسکتا ہے اور اپنے دشمنوں کے لیے ایک آسان ہدف بن سکتا ہے۔ مضبوط فوج نہ ہونے کے نتائج شام، لیبیا، عراق اور افغانستان جیسے ممالک میں صاف دکھائی دیتے ہیں۔ یہ پاک فوج ہی ہے جو ہمارے اندرونی اور بیرونی دشمنوں کو کوئی بھی گھناؤنی حرکت کرنے سے پہلے ہزار بار سوچنے پر مجبور کرتی ہے۔ مجھے فخر ہے کہ میرے ملک کا دفاع محفوظ ہاتھوں میں ہے جس کے بہادر فوجی اپنی جانیں ہتھیلی پر رکھے ہوئے میری سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنائے ہوئے ہیں۔ یہ بحث واضح طور پر پاکستان کے لیے ایک مضبوط فوج کی اہمیت پر بھی زور دیتی ہے اور فوج پر اٹھنے والے اخراجات کی ضرورت پر سوال اٹھانے والوں کو واضح جواب دیتی ہے۔ پاکستان کے لوگ پاک فوج کے اہم کردار کو پوری طرح سمجھتے ہیں۔ قوم مسلح افواج کو ملک کے حقیقی محافظوں کے طور پر تسلیم کرتی ہے اور ان کی غیر متزلزل حمایت کرتی ہے۔

ایک اور اہم مسئلہ معاشروں میں پھیلی ہوئی گہری تقسیم اور نفرت ہے۔ شام میں جاری صورتحال ایک واضح مثال ہے۔ شام، جو کبھی لیبیا کی طرح ایک پرامن ملک تھا، نے 2010 سے 2024 تک ایک بہت بڑی قیمت ادا کی ہے۔ اس کے چار لاکھ سے زیادہ شہری اور دو لاکھ سے زیادہ فوجی ہلاک ہوئے ہیں' 6.7 ملین سے زیادہ افراد بے گھر ہوئے ہیں اور 7 ملین سے زیادہ لوگ بیرون ملک ہجرت کرچکے ہیں۔ صدر بشار الاسد کے دور کے اختتام کے بعد اب اصل تنازعہ شروع ہونے والا ہے، کیونکہ لگ بھگ سو سے زیادہ مسلح گروہ کنٹرول کے لیے مقابلہ کریں گے جس میں مذہب اور فرقہ واریت تشدد کو مزید ہوا دے گی۔ شامی عوام کی امیدیں اور خواب خونی اور ڈراؤنی حقیقت میں بدل گئے ہیں۔

یہ المیہ غیر ملکی طاقتوں کے عوامی تاثرات میں ہیرا پھیری کرنے اور ریاست کو کمزور کرنے کا براہ راست نتیجہ ہے۔ اگرچہ کچھ ایکٹرز طویل مدتی نتائج سے بے خبر ہوسکتے ہیں لیکن کچھ جان بوجھ کر بھی تقسیم کو ہوا دیتے ہیں اور مستقبل کے تباہ کن راستے کو اچھی طرح جانتے ہیں۔ پاکستان کی عوام کو عرب بہار اور شام کے تنازعے سے بہت کچھ سیکھنا ہے۔ ایک بار جب کوئی ریاست کمزور ہو جاتی ہے تو اس کے لوگوں کے مصائب کہیں زیادہ بدتر اور لامتناہی ہو جاتے ہیں۔ پاکستان میں سوشل میڈیا کے ذریعے اسی طرح کے بیانیے کو فروغ دیا جارہا ہے، جہاں لوگوں کو یہ یقین دلایا جاتا ہے کہ ریاست ان کی آزادی پر قبضہ کررہی ہے اور یہ کہ حقیقی آزادی ریاست سے بغاوت میں ہے۔ تقسیم کو بھڑکانے کے لیے ایک مخصوص سیاسی

عوامی اشتہارات

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات پہلے پیسے کے بنیاد پر شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے قابل قبول ہونے کے بارے میں ادارہ ذمہ دار نہیں اور مشرق اخبار کسی اشتہار کے غلط ہونے کی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔ اشتہار کی اشاعت کا فیصلہ ادارہ کی صوابدید پر ہوگا۔ اشتہار کی اشاعت کا فیصلہ کرنے کا اختیار ادارہ کو حاصل ہوگا۔ اشتہار کی اشاعت کا فیصلہ قابل قبول نہ ہونے کی صورت میں ادارہ کسی قسم کا ہرجانہ ادا کرنے کا پابند نہیں ہوگا۔ اشتہار کی اشاعت کے بعد اشتہار میں درج کسی بھی قسم کی غلطی کی صورت میں اشتہار کی اشاعت کا فیصلہ قابل قبول نہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے متعلق آئندہ 24 گھنٹے انتہائی اہم قرار

پی سی بی کی جانب سے بھارت کے میچز سری لنکا میں کرانے کی تجویز سامنے آئی ہے، پی سی بی نے متبادل آپشن کے طور پر پاک بھارت میچ کولمبو میں کرانے کی تجویز دی ہے

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی متعلق آئندہ 24 گھنٹے انتہائی اہم قرار دیئے جارہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی چاہتا ہے کہ بھارت کے میچز سری لنکا میں کرانے کی تجویز سامنے آئی ہے، پی سی بی نے متبادل آپشن کے طور پر پاک بھارت میچ کولمبو میں کرانے کی تجویز دی ہے۔ بورڈ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی چاہتا ہے کہ بھارت کی ٹیم سری لنکا میں کرائے اگر ابھی آفر ملتی ہے تو میچز وہاں کرائے جائیں، وینیو کا کرایہ، گیٹ منی، سکیورٹی اخراجات، ہوٹلنگ اور پروڈکشن اخراجات کو مدنظر رکھا جائے گا تاہم کولمبو میں بھارت کے تمام میچز منعقد کرانے کے امکانات کم ہیں۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ آئی سی سی چیئرمین کرانے کے دوران پاک بھارت ناگزیر کیلئے دبئی کا ویئو ٹیورٹ ہے، آئی سی سی چیئرمین ہیں مشیکنر آئندہ شیڈول ترتیب شامل دے سکتا ہے۔

جھیل سیف چیپ ریلی کے تیسرے اور آخری روز میں ایک ڈرائیور منزل کی جانب رواں دواں ہے

نصیر آباد: چھتاوتھ پاورڈ ویٹ فل بال ٹورنامنٹ فائنل تقریب میں مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی فرید الحق لہڑی سیاسی و قومی شخصیت میر شوکت منگلانی کو شیلڈ دے رہے ہیں

ویمنز انڈر 19 کی 20 ایشیا کپ، بھارت نے پاکستان کو 9 وکٹوں سے شکست دے دی

پاکستان نے بھارت کو جیت کے لئے 68 رنز کا ہدف دیا جو کہ بھارت نے باآسانی پورا کرلیا

کوالالمپور (آئی این پی) ویمنز انڈر 19 ایشیا کپ میں بھارت نے پاکستان کو 9 وکٹوں سے شکست دے دی۔ ویمنز انڈر 19 ایشیا کپ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ بائیو ماس کرکٹ اولمپک گراؤنڈ میں کھیلا گیا۔ پاکستان نے بھارت کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بھارت کو جیت کے لیے 68 رنز کا ہدف دینے کا فیصلہ کیا۔ پاکستانی ٹیم بھارت کو ہزاہدف دینے میں ناکام رہی۔ بھارت کے خلاف پاکستان کی پہلی وکٹ 22 کے مجموعی اسکور پر گر گئی تھی۔ تو پی ٹیم کی کپتان ضوطھاس نے ناس کے موقع پر سنگلز کرتے ہوئے کھلاڑیت کے لیے پاسیہ میں اور پوری تیاری کے ساتھ میدان میں اتریں گے۔

پاکستان کا دبئی کے ساتھ کولمبو پر بھی غور

پی سی بی سری لنکا کے آپشن کا بھی جائزہ لے رہا ہے، ذرائع

لاہور (این این آئی) انٹیگریٹر ٹرافی میچز کیلئے پی بھی کھلی شخصیات ان دنوں عرب کے دو ایک کیلئے سعودی عرب میں موجود ہیں، ذرائع نے بتایا پاکستان اور بھارتی بورڈز کے درمیان معاملات کہ پاکستان اور بھارتی بورڈز کے درمیان معاملات پر اتفاق ہو چکا اور کیونکہ اب آئی سی سی کورٹ میں ہے، تمام معاملات کو معاہدے کی شکل دے کر دستخط کرائے جائیں گے اب عالمی کونسل ہی اور اب ایک اور اس حوالے سے اعلان کرے گی۔

ویمنز انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ، پاکستان کی 6 کھلاڑیوں نے کیریئر کا آغاز کیا

ڈیبیو کرنے والی کھلاڑیوں میں فضا، طاہرہ خان، عطیشا، روزینہ فرحت کائنس اور ماہ نور شاہ، ماہ نور شاہ، ماہ نور شاہ ڈیبیو کر چکی ہیں

کوالالمپور (این آئی) ویمنز انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ میں پاکستان انڈر 19 ٹیم کی 6 کھلاڑیوں نے بھارت کے خلاف میچ سے انٹرنیشنل کیریئر کا آغاز کیا۔ ڈیبیو کرنے والی کھلاڑیوں میں فضا فیاض، طاہرہ خان، عطیشا خان، روزینہ فرحت، ماہ نور شاہ، ماہ نور شاہ، ماہ نور شاہ ڈیبیو کر چکی ہیں۔ انڈر 19 ٹیم کی چیئرمین نے پہلا میچ کھیلنے والی کھلاڑیوں کو ڈیبا کیپ دیں۔ میڈیا کو محسن کمال نے فضا فیاض اور فاطمہ خان جبکہ اسسٹنٹ کوچ محمد عفت ملک نے روزینہ کرم کو ڈیبا کیپ پہنائی گئی۔

ویمنز انڈر 19 کی 20 ایشیا کپ، بھارت نے باآسانی پورا کرلیا

بابر ڈماٹل قبول کرنے پر پی سی بی میں اندرونی جھگڑے شروع، بھارتی میڈیا کا دعویٰ

محسن نقوی کو آئی سی سی کے ہنگاموں کو قبول نہیں کرنا چاہئے، پی سی بی ایرا کین ناراض

ممبئی (آئی این پی) بھارتی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ بھارت کے پاکستان میں کھیلنے سے انکار پر چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کیلئے بابر ڈماٹل کو قبول کرنے کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) میں اندرونی جھگڑے شروع ہوگئے ہیں۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ پی سی بی کے بہت سے ممبران بابر ڈماٹل کو قبول کرنے کے بعد پی سی بی کے اندر ناخوش ہیں۔ خیال رہے کہ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے چیمپئنز ٹرافی 2025 کیلئے بابر ڈماٹل کی تجویز کی تصدیق کر دی ہے، جس کے تحت بھارت اپنے میچز دبئی میں کھیلے گا جبکہ باقی ٹورنامنٹ کی میزبانی پاکستان کرے گا۔ فارمیٹ تحت پاکستان کولمبو میں 2026 کے ٹی 20 ورلڈ کپ میں اپنے میچز کھیلنے کی اجازت دی گئی ہے۔ پاکستان کو 2027 کے بعد آئی سی سی ویمنز ایونٹ کی میزبانی کے حقوق بھی دیے گئے ہیں۔ پی سی بی کی جانب سے اس فارمولے کو قبول کرنے کے بعد پی سی بی کے اندر بابر ڈماٹل پر اتفاق شروع ہوگئی ہے۔ بھارتی خبر رساں ادارے کے مطابق بعض ارکان نے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پی سی بی کے سربراہ محسن نقوی کو آئی سی سی کے ہنگاموں کو قبول نہیں کرنا چاہئے۔

جسپریت بمرا نے کپل دیو کا ریکارڈ توڑ دیا

فاسٹ باؤلر نے کپل دیو کا سینچا ممالک کیخلاف 7 بار پانچ وکٹیں لینے کا ریکارڈ توڑ

برجین (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر جسپریت بمرا نے سابق کرکٹر کپل دیو کا ریکارڈ توڑ دیا۔ برجین میں کھیلے جانے والے ٹیسٹ میچ میں بھارتی فاسٹ باؤلر جسپریت بمرا نے آسٹریلیا کے خلاف ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، انہوں نے 72 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ جسپریت بمرا نے 12 میں مرتبہ پانچ وکٹیں حاصل کیں جبکہ جنوبی افریقہ، انگلینڈ، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا (سینا ممالک) کے خلاف شاندار بولنگ کرنے کے بعد بمرا نے 8 میں مرتبہ 5 وکٹیں لینے کا کارنامہ انجام دیا ہے۔ بھارتی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر جسپریت بمرا نے اس اعزاز کے ساتھ بھارت کے سابق آل راؤنڈر اور 1983 کے ورلڈ کپ کی فاتح ٹیم کے کپتان کپل دیو کا ریکارڈ بھی توڑ دیا ہے، جنہیں نے سینا ممالک میں 7 مرتبہ پانچ یا اس سے زیادہ وکٹیں حاصل کی تھیں۔ بمرا نے اس اعزاز کے ساتھ بھارت کے گھریلو آل راؤنڈر کپل دیو کا ریکارڈ توڑ دیا، جو اس فہرست میں 7 پانچ وکٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں۔

ٹیسٹ سیریز 20 بارش کے باعث منسوخ سیریز 0-2 سے جنوبی افریقہ کے نام

جوہانسبرگ میں میچ کا ٹاس تاخیر کا شکار ہوا، تاہم مسلسل بارش کے باعث میچ منسوخ کرنے کا اعلان کردیا گیا

سیریز کے پہلے میچ میں جنوبی افریقہ نے 11 رنز سے کامیابی سمیٹی جبکہ دوسرے میچ میں بوم بوم نے 7 وکٹوں سے فتح حاصل کی

جوہانسبرگ (آن لائن) پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان سیریز کا تیسرا اور آخری ٹی ٹوئنٹی میچ خراب موسم اور روشنی کے باعث شروع نہ ہوسکا اور بغیر مشینی منسوخ کردیا گیا۔ جوہانسبرگ میں میچ کا ٹاس تاخیر کا شکار ہوا، تاہم مسلسل بارش کے باعث میچ منسوخ کرنے کا اعلان کردیا گیا جس کے ساتھ ہی تین میچوں پر مشتمل سیریز جنوبی افریقہ نے 0-2 سے جیت لی۔ جنوبی افریقہ کے خلاف تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ کیلئے پاکستان کی بلیکنگ کا اعلان کیا گیا، جس میں ایک تبدیلی کی گئی تھی۔ قومی ٹیم کو تیسرے ٹی ٹوئنٹی کیلئے ایک تبدیلی کے ساتھ میدان میں اترنا تھا، جس میں عثمان خان کی جگہ پر سلمان علی آغا کو بلیکنگ الیون کا حصہ بنایا گیا تھا۔ ٹیم کے کپتان محمد رضوان جبکہ دیگر کھلاڑیوں میں بابر اعظم، صائم ایوب، طیب طاہر، محمد عرفان خان، سلمان علی آغا، عباس آفریدی، شاہین آفریدی، جہانداد خان، حارث رؤف اور ابرار احمد شامل تھے۔ خیال رہے کہ سیریز کے پہلے میچ میں جنوبی افریقہ نے 11 رنز سے کامیابی سمیٹی جبکہ دوسرے میچ میں بوم بوم نے 7 وکٹوں سے فتح حاصل کی۔

بگ کرکٹ لیگ: ممبئی میرینرز نے ناردرن سپلنٹرز کو 6 وکٹوں سے شکست دیدی

دبئی (آن لائن) بگ کرکٹ لیگ: ممبئی میرینرز نے ناردرن سپلنٹرز کو 6 وکٹوں سے شکست دیدی۔ بگ کرکٹ لیگ میں ممبئی میرینرز نے ناردرن سپلنٹرز کو کم اسکور سے شکست دیے دی۔ سپلنٹرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے سمیکر دھون کی بہترین شاندار اننگز کیا جنہوں نے صرف 15 گیندوں پر 30 رنز بنائے تاہم سری لنکن اسپنر ایم کیا رانی کی قیادت میں میرینرز کے گیند بازوں کے شکنجے دباؤ میں ٹیم کو شکست کا سامنا کرنا پڑا جنہوں نے ستی فیز اسٹیلش دیتے ہوئے 4 وکٹیں حاصل کیں جبکہ صرف 6 رنز دی اور 4 وکٹیں حاصل کیں۔ یمن بیت کو نمی نے تین اہم وکٹیں حاصل کیں اور ٹیم کو شکست سے دوچار کیا۔ میرینرز کی ٹیم صرف 83 رنز پر ڈھیر ہوگئی جس میں انجری کا خدشہ بھی بڑھ جاتا ہے، اگر میں بمرا کی جگہ ہوتا تو خود کو وائٹ بال کرکٹ تک محدود کرلیتا۔ راولپنڈی ایکسپریس نے کہا کہ مجھے خوشی ہوگی اگر ہم ورلڈ وائڈ کرکٹ سے پرہیز کرے۔

بمرا کو اپنے طویل کیریئر کیلئے ٹیسٹ کرکٹ چھوڑنی ہوگی، شعیب اختر

بمرا کو خود کو دیکھنا ہوگا کیونکہ اس نے تمام ٹرمینٹس کے ساتھ آئی پی ایل کھیلنا ہے، سابق فاسٹ باؤلر

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے سابق فاسٹ باؤلر شعیب اختر نے بھارتی فاسٹ باؤلر جسپریت بمرا کو مشورہ دیا ہے کہ اپنے کیریئر کو طویل کرنا چاہتے ہیں تو انہیں ٹیسٹ کرکٹ کے مقابلے میں محدود اور دی کرکٹ کو فوقیت دینا ہوگی۔ ایک انٹرویو میں شعیب اختر نے کہا کہ جسپریت بمرا نے ان ولیفتھ اچھی سے کھیلی ٹیسٹ کرکٹ میں طویل اسپیل ہوتے ہیں اور وکٹیں لینے کے لیے آپ کو اسپیڈ کی ضرورت ہے کیونکہ بیٹر کو جلدی تھیں ہوتی اور وہ رسک نہیں لیتا۔ شعیب اختر نے کہا کہ بمرا کو اوپنر کھیلنے تو وکٹیں لینے کے لیے اسپیڈ بڑھانے اور تیز رفتار گیندیں کی ضرورت ہوگی لیکن اس میں انجری کا خدشہ بھی بڑھ جاتا ہے، اگر میں بمرا کی جگہ ہوتا تو خود کو وائٹ بال کرکٹ تک محدود کرلیتا۔ راولپنڈی ایکسپریس نے کہا کہ مجھے خوشی ہوگی اگر ہم ورلڈ وائڈ کرکٹ سے پرہیز کرے۔

کرکٹ آسٹریلیا کو 10 گیندیں کم ہونے پر 10 لاکھ ڈالرز کا نقصان

گابا ٹیسٹ کا تیسرا روز بارش کی نذر ہوا، پہلے دن صرف 13 اوورز کا کھیل ہی ہوسکا

گابا (آن لائن) کرکٹ آسٹریلیا کو صرف 10 گیندیں کم ہونے پر 10 لاکھ ڈالرز کے نقصان کا سامنا ہوگیا۔ گابا ٹیسٹ کا تیسرا روز بارش کی نذر ہوا، پہلے دن صرف 13 اوورز کا کھیل ہی ہوسکا۔ آسٹریلیا نے پہلی اننگز میں 28 رنز بنائے تھے۔

آسٹریلیا کے اسٹیو سمتھ نے بھارت کیخلاف سنچری بنا کر کئی ریکارڈ توڑ دیے

344 میچوں میں اسمتھ نے 47.58 کی اوسط سے 16,561 رنز بنائے ہیں، جس میں 45 سنچریاں اور 80 نصف سنچریاں شامل ہیں

اسمتھ کی 190 گیندوں پر 101 رنز کی اننگز نے مارک واؤ کو پیچھے چھوڑ کر آسٹریلیا کی طرف سے ٹیسٹ میچ میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی بن گئے

پیچھے چھوڑ کر آسٹریلیا کی طرف سے ٹیسٹ میچ میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ 344 میچوں میں اسمتھ نے 47.58 کی اوسط سے 16,561 رنز بنائے ہیں۔

شاہد آفریدی آف روڈ ریلی کیلئے جھل مگسی ٹریک پر آگئے

شاہد آفریدی کے ٹریک پر پہنچنے پر ساتھ کپتان کے سیکڑوں مداحوں اور روڈ ریلی کے شائقین نے انہیں گھیر لیا

جھل مگسی (آن لائن) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد خان آفریدی آف روڈ ریلی دیکھنے جھل مگسی کے ریگ پر آگئے۔ شاہد آفریدی کے ٹریک پر پہنچنے پر ساتھ کپتان کے سیکڑوں مداحوں اور روڈ ریلی کے شائقین نے انہیں گھیر لیا۔ سابق کپتان نے ایک اور کھیل کے کھلاڑی بننے کیلئے تیاری پکڑی؟ اس حوالے سے پوچھے گئے سوال پر شاہد آفریدی نے کہا کہ کل ٹریک دیکھیں گے اگر کوئی دوا اس پر گاڑی چلا سکتے ہیں تو ریس میں حصہ لیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جھل مگسی میں ہونے والی ریس کیلئے جوش میں ہیں۔

کوالالمپور، ویمنز انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ میں بھارت کے خلاف میچ میں کرک لینے کے بعد پاکستان بلاز ٹیم کا اظہار کر رہی ہے

ڈی سی اے پشین انٹرنیشنل انٹر کلبز ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ 2024

آغا جمیل خانہ کربلا نے زید کاؤنٹی نوہاد کو 32 رنز سے شکست دیدی

دوسرے میچ میں یا چا خان کلب جرمخی اور تیسرے میچ میں ایم گھیم شہید کلب کامیاب رہے

پشین (نامہ نگار) ڈی سی اے پشین انٹرنیشنل انٹر کلبز ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ 2024 کا تیسرا میچ 14 دسمبر 2024 کو ٹین میچز کیلئے، راز کاؤنٹی گراؤنڈ پر آغا جمیل خانہ کربلا اور زید کاؤنٹی نوہاد کے درمیان کھیلا گیا، ان جیت کے لیے کھیلتے ہوئے آغا جمیل خانہ کربلا نے مقابل کی 51 رنز بنا دوات 181 رنز کا ہدف رکھا جواب میں زید کاؤنٹی نوہاد کی ٹیم 149 رنز تک محدود ہوئی اور آغا جمیل خانہ کربلا نے 32 رنز سے جیت کر دوسرے راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ دوسرا میچ مراد فاروق خان کمبوہ کلب گراؤنڈ پر آغا پشین کلب کربلا اور یا چا خان کلب کے درمیان کھیلا گیا جو کہ ٹیکنیکل خیز مقابلے کے بعد یا چا خان کلب نے 0-2 سے جیت کر دوسرا راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ تیسرا میچ سلطان کیوٹی گراؤنڈ پر سمیع اللہ بلاوڑی اور ایم گھیم شہید کلب خدا نہ اوڑی کے درمیان کھیلا گیا، مسلم خان بلاوڑی نے 5 وکٹیں لیکر 30 رنز کا ہدف دیا جو کہ ایم گھیم شہید کلب نے 29.5 رنز کی بدولت مقرر 20 اوورز میں 143 رنز کا ہدف دیا۔

دوسرا آل بلوچستان میر یاب محمد رحیم میموریل فری اسٹائل شوٹنگ بال ٹورنامنٹ

قدوس شاہ کلب نوشکی نے شہید ماجد کلب خاران کو 0-2 سے شکست دیدی

میچ کے ریفری آصف صابر ڈپٹی ریفری عبدالقادر اور عبدالصمد اور بورڈ سکورر اور تکنیرب تھے

دریان کھیلا گیا جو کہ تکنیکی خیز مقابلے کے بعد قدوس شاہ کلب نوشکی نے 0-2 سے میچ جیت کر اپنے نام کر لیا جبکہ ریفری کے لئے آصف صابر ڈپٹی ریفری عبدالقادر اور بورڈ سکورر اور تکنیرب نے سرانجام دیے

پی ایس ایل 10 پلاٹینم کیٹیگری کیلئے بڑے ناموں پر غور

پلاٹینم کیٹیگری کیلئے شاہین شاہ آفریدی، فخر زمان، حارث رؤف، بابر اعظم اور صائم ایوب کے نام سامنے آئے، عامر، شاداب کے نام بھی زیر غور

پی ایس ایل 10 کیلئے پلاٹینم کیٹیگری اور ڈیزائنڈ کھلاڑیوں کا معاملہ ریویو کمیٹی اور سلیکشن پینل کے سپرد ہوگا اور یہ کام آئندہ ہفتے مکمل کیا جائے گا

لاہور (آن لائن) پی ایس ایل 10 کیلئے پلاٹینم کیٹیگری کیلئے بڑے ناموں پر غور کیا جائے گا۔ پی ایس ایل 10 کیلئے پلاٹینم کیٹیگری کیلئے شاہین شاہ آفریدی، فخر زمان، حارث رؤف، بابر اعظم اور صائم ایوب کے نام سامنے آئے، عامر، شاداب کے نام بھی زیر غور ہیں۔ ذرائع کے مطابق

1 بقیہ: یوسف رضا گیلانی

کہ پیپلز پارٹی کو تحفظات تھے جس پر مذاکرات جاری ہیں، جب کوئی حتمی بات ہوگی تو سب کو آگاہ کیا جائے گا۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے حکومت کا جو تحریری معاہدہ ہوا اس پر عمل کیا جائے، تمام سیاسی مسائل کا حل مذاکرات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہذب دنیا میں مذاکرات سے ہی مسائل کا حل نکالا جاتا ہے، پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس جب بلایا جائے گا تو نوٹیفکیشن جاری ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ 18ویں آئینی ترمیم نے صوبوں کو صحت سے متعلق امور پر بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے ان خیالات کا اظہار اتوار کو اسلام آباد میں صحت سے متعلق آگاہی سیمینار میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ اس کے تحت صوبے اپنی آبادی کی ضروریات کے مطابق مقامی حل نکالنے میں اقدامات اٹھا سکتے ہیں۔ اختیارات کی منتقلی نے صحت سے متعلق ایک جامع، شراکتی فریم ورک بنانے میں مدد کی ہے۔ وقت آگیا ہے کہ پاکستان میں ہیلتھ کیئر کو بہتر بنانے کے لیے اجتماعی کوششیں کی جائیں۔ عوام کو نہ صرف وہ دیکھ بھال ملے جس کے وہ مستحق ہیں بلکہ ایک ایسے معاشرے کی تشکیل کی جائے جو صحت کو ترقی کی بنیاد کے طور پر اہمیت دے۔ وزیر اعظم کے طور پر اپنے دور میں ہیلتھ کیئر کے شعبے کو مضبوط بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے۔ بنیادی صحت کے شعبے کو بہتر بنانے اور شہری و دیہی علاقوں کے درمیان رسائی کے فرق کو ختم کرنے پر توجہ دی جائے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ حکومت نے وسائل کو متحرک کرنے کے لیے ان کی قیادت میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو فروغ دیا۔ ہنرمند ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کی کمی کو پورا کرنے کے لیے انسانی وسائل کی ترقی میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی۔ سب سے زیادہ تبدیلی لانے والے سنگ میلوں میں سے ایک 18ویں آئینی ترمیم تھی۔ ہیلتھ کیئر نظام تک رسائی نہ صرف بنیادی انسانی حق ہے بلکہ قومی ترقی کی بنیاد بھی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے صحت کے اہم مسائل کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے اس اہم تقریب کے انعقاد پر تیانشی انٹرنیشنل پاکستان کی تعریف کی۔ انہوں نے یہ بھی یقین دہانی کرائی کہ سینیٹ ہیلتھ کیئر کے نظام کو مضبوط بنانے اور معیاری دیکھ بھال تک رسائی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے موثر کردار کرتا رہے گا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ آج کا سیمینار صحت کے بارے میں بیداری اور فلاح و بہبود کو فروغ دینے کے ہمارے اجتماعی عزم کا ثبوت ہے۔

2 بقیہ: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

